باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member

کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار

Daily QAUM KI AWAZ karachi

روزنامہ قوم کی آواز کراچی

چیف ایڈیٹر: فراست شاہ

ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث

ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی

مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک

جلد: 24 | بدھ 15 محرم الحرام 1448ھ یکم جولائی 2026ء | شمارہ: 142

https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور انہ حالا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے ازراہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آجاؤ اور رزق کا کوئی رستہ نا نکلے تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔

قدرتی حادثہ یا غفلت؟ لاہور میں ٹیوشن سینٹر کی چھت گرنے سے 14 بچے جاں بحق

کاہنہ نو میں ٹیوشن پڑھنے کے دوران گھر کی چھت گرنے سے متعدد بچے دب گئے، ملبے سے 22 بچوں کو نکالا گیا، 14 جاں بحق ہوگئے جب کہ 8 بچے اور ایک خاتون ٹیچر زخمی ہوگئے

انیلہ ریحان نامی خاتون نے گھر میں ٹیوشن سینٹر کھولا ہوا تھا اور وہ خود ہی پڑھاتی تھی وہ بھی زخمی ہے جب کہ گھر خستہ حال تھا پولیس نے مالک مکان سمیت 5 افراد کو حراست میں لے لیا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) کاہنہ نو میں ٹیوشن پڑھنے کے دوران گھر کی چھت گرنے سے متعدد بچے دب گئے، ملبے سے 22 بچوں کو نکالا گیا، 14 جاں بحق ہوگئے جب کہ 8 بچے اور ایک خاتون ٹیچر زخمی ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق کاہنہ نو کے دیہاتی علاقے بستی عیدگاہ میں گھر میں کسی نے ٹیوشن سینٹر کھولا ہوا تھا، جہاں روزانہ 30 سے 35 کے قریب بچے پڑھنے آتے تھے، اس گھر کی دھماکے سے چھت گر گئی جو کہ ٹیا آر گارڈر کی بنی ہوئی تھی۔ محلے داروں نے فوری طور پر امدادی اداروں کو فون کیا، پولیس اور امدادی ادارے پہنچ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

اہم خبر

ابھی مائیکروفنانس بینک اور ایئر لنک کے درمیان شراکت داری

معاہدے پر دستخط ابھی مائیکروفنانس بینک کی چیف کمرشل آفیسر مریم پرویز اور ایئر لنگ کے گروپ سی ای او ظفر حیات پراچہ نے کیے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ابھی مائیکروفنانس بینک نے ایئر لنک کمیونیکیشن اور اس کے ذیلی ادارے سلیکٹ کے ساتھ اسٹریٹیجک شراکت داری کا آغاز کر دیا جس کا مقصد جدید بائے ناؤ ہے لیٹر (فوری خریداری اور ادائیگی بعد ازاں) فنانسنگ کی سہولت کو ڈیجیٹل ذرائع سے فراہم کیا جائے گا۔ ابھی بینک صارفین ایئر لنک اور سلیکٹ کی مصنوعات جیسا کہ اسمارٹ فونز، گیجٹس اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

پاکستانی فری لانسرز نے 11 ماہ میں 1.6 ارب ڈالر کا زرمبادلہ کما کر نیا ریکارڈ قائم کردیا

فری لانسنگ سے حاصل ہونیوالا زرمبادلہ 40 کروڑ ڈالر سے بڑھ کر 1.6 ارب ڈالر تک پہنچ گیا، ابراہیم امین

کراچی (این این آئی) پاکستانی فری لانسرز نے ملکی معیشت کے لیے ایک اور اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے رواں مالی سال کے پہلے 11 ماہ کے دوران ایک ارب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

جام اکرام اللہ دھاریجو سے مختلف وفود کی ملاقات، عوامی مسائل کے فوری حل کی یقین دہانی

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر برائے صنعت و تجارت جام اکرام اللہ دھاریجو سے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے وفود نے سندھ سیکریٹریٹ میں ملاقات کی اور اپنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

کراچی سمیت ملک بھر میں بجلی مہنگی ہونے کا امکان، فی یونٹ 82 پیسے اضافے کی درخواست

کراچی (این این آئی) کراچی سمیت ملک بھر کے بجلی صارفین کے لیے ایک بار پھر بجلی مہنگی ہونے کا امکان پیدا ہوگیا ہے، کیونکہ سنٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

الیکٹرک گاڑیوں سے میڈ اِن پاکستان کا خواب حقیقت بن سکتا ہے، ایچ ایم شہزاد

پاکستان دنیا کے جدید ترین جنگی طیارے تیار کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، چیئرمین آل پاکستان موٹر ڈیلرز ایسوسی ایشن

کراچی (این این آئی) چیئرمین آل پاکستان موٹر ڈیلرز ایسوسی ایشن ایچ ایم شہزاد نے کہا ہے کہ اگر پاکستان میں آٹو انڈسٹری کی حقیقی معنوں میں لوکلائزیشن کی جائے اور مقامی سطح پر گاڑیاں تیار کی جائیں تو میڈ اِن پاکستان کا خواب شرمندہ تعبیر ہوسکتا ہے، جبکہ ملک کا مستقبل الیکٹرک گاڑیوں سے وابستہ ہے۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے ایچ ایم شہزاد نے کہا کہ پاکستان دنیا کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

آبادی پر قابو پانے کیلئے نیشنل پاپولیشن کونسل کا قیام، بڑھتی آبادی ترقی کیلئے بڑا چیلنج ہے، آبادی کی منصوبہ بندی کو قومی ترقی، معاشی استحکام اور انسانی وسائل کی بہتری سے ہم آہنگ کرنے کی ضرورت ہے، شہباز شریف

وزیراعظم کا بڑا اقدام، نیشنل پاپولیشن کونسل کا قیام

وزیراعظم نے نیشنل پاپولیشن کونسل کا افتتاحی اجلاس جلد از جلد طلب کرنے اور قومی سطح پر آبادی سے متعلق پالیسی سازی کے لیے نیشنل پاپولیشن کونسل کا تنظیمی ڈھانچہ جلد از جلد مرتب کرنے کی ہدایت کی

اجلاس میں چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر، خواجہ محمد آصف، احسن اقبال، عطا اللہ تارڑ، بلال اظہر کیانی اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران کی شرکت، نیشنل پاپولیشن کونسل کا سیکریٹریٹ وزارت منصوبہ بندی ہوگی

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف نے بڑھتی ہوئی آبادی کو قومی وسائل پر دباؤ اور ترقی کے لیے بڑا چیلنج قرار دیتے ہوئے نیشنل پاپولیشن کونسل کا پہلا اجلاس جلد طلب کرنے کی ہدایت کردی۔ وزیراعظم آفس سے جاری اعلامیے کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت بہبود آبادی کے حوالے سے اہم اجلاس ہوا جہاں انہوں نے کہا کہ وسائل اور آبادی میں توازن ہی پائیدار ترقی کی ضمانت ہے، تیزی سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف نیشنل پاپولیشن کونسل اور آبادی کی بہبود سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کچھ لوگوں کو مچھر زیادہ کیوں کاٹتے ہیں؟ ماہرین نے سائنسی وجوہات بیان کردیں

کراچی (این این آئی) گرمیوں کی آمد کے ساتھ مچھروں کی افزائش میں اضافہ ہوجاتا ہے، جبکہ ان سے بچاؤ کے لیے مختلف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

سانحہ گل پلازہ رپورٹ، 11 سالہ بچے کی غلطی اور مارکیٹ یونین کی غفلت نے 72 جانیں لیں

کراچی (این این آئی) کراچی کے المناک سانحہ گل پلازہ کی تحقیقات میں اہم پیش رفت سامنے آگئی ہے۔ تھانہ نبی بخش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

سیشن کورٹ ملیر کی عدالتی احکامات پر عملدرآمد نہ ہونے پر ایس ایس پی کراچی ایسٹ کیخلاف کارروائی کی سفارش

کراچی (این این آئی) سیشن کورٹ ملیر نے اسکیم 33 سیکٹر B-17 میں واقع قیمتی اراضی پر مبینہ قبضے کے مقدمے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

ہالا، علامہ راشد محمود سومرو کے قافلے میں شامل گاڑی حادثے کا شکار

مکمل طور پر خیریت سے ہوں، حادثہ ان کی گاڑی کو نہیں بلکہ قافلے میں شامل رضا کاروں کی گاڑی کو پیش آیا، علامہ راشد محمود سومرو

ہالا / ٹیاری (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) سندھ کے سیکریٹری جنرل علامہ راشد محمود سومرو کے قافلے میں شامل رضا کاروں کی ایک گاڑی قومی شاہراہ پر ہالا کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

غیر قانونی افغان شہریوں کے خلاف کارروائیاں تیز

10 جولائی سے گرفتاریاں شروع، وفاقی وزارت داخلہ کے احکامات جاری

کراچی (این این آئی) وفاقی حکومت نے پاکستان میں بغیر قانونی دستاویزات یا معیاد ختم ہونے والے ویزے پر مقیم افغان شہریوں کے خلاف کارروائی مزید تیز کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

جنوبی ایشیا میں بیرونی قرضوں کا بوجھ، بھارت پہلے اور پاکستان دوسرے نمبر پر

بھارت پر 765 ارب ڈالر جبکہ پاکستان پر 138 ارب ڈالر بیرونی قرض ہے، رپورٹ

کراچی (این این آئی) جنوبی ایشیا کے ممالک پر بیرونی قرضوں کے حوالے سے جاری ہونے والی 2026 کی رپورٹ کے مطابق خطے میں مجموعی بیرونی قرضے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

اسٹاک مارکیٹ

امریکا ایران کشیدگی سرمایہ کاروں کے ایک کھرب 14 ارب روپے کھا گئی

کراچی (بزنس رپورٹر) امریکا اور ایران کے درمیان دوبارہ کشیدگی، ایک دوسرے پر حملوں سے خام تیل کی قیمتوں میں دوبارہ محدود پیمانے پر اضافے جیسے عوامل کے باعث پاکستان اسٹاک ایکس چینج میں پیر کو اتار چڑھاؤ کے بعد مندی رہی جس سے انڈیکس کی 1 لاکھ 79 ہزار پوائنٹس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

Proundup Pakistan

ترتیب: علیم نواب خان

تصاویر: نسیم خان

خدا پاک کا شکر: عارف حبیب سرخرو، پی آئی اے کا انتظامی کنٹرول عارف حبیب لمیٹڈ کی زیر قیادت کنسورشیم کے سپرد، نجکاری کی تاریخ کا نیا سنگ میل ہے، وزیراعظم

ہم پی آئی اے کے درخشاں ورثے کا احترام کرتے ہوئے اسے ایک جدید، عالمی معیار کی پریمیم ایئر لائن بنائیں گے، انوار علی حیدر، نجکاری معاشی اصلاحات، مالیاتی ذمہ داری اور نجی شعبے کی زیادہ شراکت کے لئے حکومت کے عزم کے لئے تقویت کا باعث ہے، محمد علی

تقریب میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، چیئرمین فاطمہ فرٹیلائیزر رفواد احمد مختار، سیکریٹری نجکاری کمیشن بھی موجود، ایئر لائن کی مالی حالت مضبوط کردینگے، عارف حبیب

نئی انتظامیہ میں انوار علی حیدر چیئرمین، عارف حبیب، گوہر اعجاز، جہانگیر پراچہ، عقیل کریم ڈھیڈی، فضل شیخ، فرزانہ فیروز ڈائریکٹر منتخب، حاجی رفیق پردیسی، زبیر طفیل، بشیر جان محمد، خالد تواب، رشید جان محمد، محسن شیخانی، حسین لوائی، ریحان چاؤلہ، شاہد فیروز، وسیم الرحمان کی خاص مبارکباد

اسلام آباد، لاہور (بزنس رپورٹر) وفاقی حکومت نے پی آئی اے کی ملکیت اور انتظامی کنٹرول خریدار کنسورشیم کے حوالے کردیا۔ نجکاری کمیشن سے جاری اعلامیہ کے مطابق پی آئی اے کی نجکاری کے سلسلے میں پہلی فنانشل کلوز جنگ مکمل کرلی گئی، شیئر پرچیز اینڈ سبسکرپشن ایگریمنٹ کے تحت تمام شرائط مکمل کرنے کے بعد انتظامی کنٹرول عارف حبیب کارپوریشن لمیٹڈ کی زیر قیادت سرمایہ کار کنسورشیم کو منتقل کیا گیا، اعلامیے کے مطابق 29 جنوری 2026 کو ہونے والے شیئر خریداری معاہدے کی تمام شرائط غیر معمولی طور پر کم مدت میں مکمل کرلی گئیں، اس دوران بلاتعطل ایئر لائن آپریشنز کو برقرار رکھا گیا، ملازمین کے مفادات کا تحفظ کیا گیا، 23 دسمبر 2025 کو بولی کے عمل کے ذریعے حکومت نے 180 ارب روپے کی مجموعی سرمایہ کاری کی یقین دہانی حاصل کی جس میں حکومت پاکستان کو 55 رب کی ادائیگی ہوگی اور 125 رب سے پی آئی اے سی ایل میں نئی سرمایہ کاری کی جائے گی۔ پیشگی شرائط کی تکمیل کے بعد پہلی فنانشل کلوزنگ کے تحت 10 رب روپے کی حکومت کو ادائیگی اور پی آئی اے سی ایل میں 80 رب روپے کی نئی سرمایہ کاری کی گئی جس سے ایئر لائن کی مالی حالت مضبوط ہوگی، ہوائی بیڑے کی توسیع اور جدت میں مدد ملے گی، آئندہ ایک سال کے دوران دوسری فنانشل کلوزنگ تک کنسورشیم مزید 45 ارب روپے کی سرمایہ کاری کرے گا، مزید برآں اسی مدت کے دوران معاہدے کی متفقہ شرائط کے تحت کنسورشیم جس نے پہلے ہی حکومت پاکستان کو اپنی آمادگی ظاہر کر رکھی ہے، 45 رب روپے کی اضافی ادائیگی کے ساتھ بقیہ 25 فیصد شیئرز کو کال آپشن کے طور پر خرید پائے گا۔ خریدار کنسورشیم بقیہ 25 فیصد شیئرز خریدنے کا تحریری عندیہ بھی دے چکا ہے۔ اس موقع پر پی آئی اے کی نئی انتظامیہ کے چیئرمین نے کہا کہ ہم اس ذمہ داری کو پورے عزم کے ساتھ قبول کرتے ہیں۔ نئے دور کے آغاز کے ساتھ ہی ہمارے مسافروں اور پوری قوم سے کیا گیا عہد پہلے سے بھی زیادہ مضبوط ہوگیا ہے۔ اگرچہ ملکیت تبدیل ہوتی ہے لیکن پاکستان کی خدمت کا ہمارا جذبہ پہلے سے کہیں زیادہ مستحکم ہے۔ ہم پی آئی اے کے درخشاں ورثے کا احترام کرتے ہوئے اسے ایک جدید، عالمی معیار کی پریمیم ایئر لائن بنائیں گے۔ اپنے مہمانوں کا اعتماد بحال کریں گے اور ایک بار پھر ثابت کریں گے کہ پی آئی اے، باکمال لوگ لاجواب پرواز تھی اور ہمیشہ رہے گی۔ پی آئی اے ایکویٹی لمیٹڈ عارف حبیب کارپوریشن کی قیادت میں قائم خصوصی ادارہ (پیشش پر پزو ہیکل) فاطمہ فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ، فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ، ایک سٹی ہولڈنگز پرائیویٹ لمیٹڈ، دی سٹی سکول پرائیویٹ لمیٹڈ اور اے کے ڈی گروپ ہولڈنگز جیسے ممتاز صنعتی اور مالیاتی اداروں پر مشتمل ہے، نیا انتظامی ڈھانچہ، بیورو کرایک رکاوٹوں کو کم کرتے ہوئے تیز، موثر اور کاروباری تقاضوں سے ہم آہنگ فیصلہ سازی کو ممکن بنائے گا، سرمایہ کاری آپریشنل اصلاحات، طیاروں کے بیڑے کی جدید کاری، نئے ملکی و بین الاقوامی فضائی روٹس کے آغاز، ادارے کی ڈیجیٹل تبدیلی اور مسافروں کو عالمی معیار کی سہولیات کی فراہمی پر خرچ کی جائے گی۔ دریں اثناء وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز کارپوریشن لمیٹڈ کی نجکاری کے عمل میں پہلی مالیاتی تکمیل پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اسے پاکستان کی نجکاری کی تاریخ کا ایک سنگ میل قرار دیا اور پوری قوم کو مبارکباد پیش کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ ان کی حکومت اور پوری پاکستانی قوم کے لیے باعث اطمینان-مینان ہے۔ اس سے، یہ ثابت ہوا ہے کہ پیچیدہ اور سٹریٹجک نوعیت کے قومی معاملات بھی شفاف، مسابقتی اور بروقت انداز میں ٹیم ورک اور پورے حکومتی نظام کے ذریعے کامیابی سے مکمل Wholeofth "GovernmentApproach" کے مشترکہ طرز عمل کیے جاسکتے ہیں۔ اس پیش رفت سے نہ صرف پی آئی اے کے لیے ایک نئے دور کا آغاز ہو رہا ہے بلکہ یہ حکومت کے وسیع تر معاشی اصلاحاتی ایجنڈے میں بھی ایک اہم سنگ میل ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کی کامیابی ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے ایک واضح پیغام ہے کہ پاکستان سرمایہ کاری کے لیے تیار ہے، اصلاحات پر کاربند ہے اور معاشی ترقی کی جانب گامزن ہے۔ ہم پی آئی اے کو اس کا ماضی کا وقار بحال کرنے کے مزید قریب آگئے ہیں۔ حکومت ملازمین، مسافروں اور صارفین کے مفادات کے تحفظ کے لئے پرعزم ہیں۔ جب کہ انتظامی منتقلی اور فضائی آپریشنز کے بلاتعطل تسلسل کو جاری رکھنے کو یقینی بنایا جائے گا۔ تمام متعلقہ ہوابازی قوانین اور ریگولیٹری نگرانی بدستور نافذ العمل رہیں گے۔ ادھر وزیراعظم کے مشیر برائے نجکاری محمد علی نے کہا کہ یہ نجکاری معاشی اصلاحات، مالیاتی ذمہ داری اور نجی شعبے کی زیادہ شراکت کے لئے حکومت کے عزم کے لئے تقویت کا باعث ہے جس سے ملکی اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑھے گا۔

☆☆☆

روزنامہ قوم کی آواز کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
منیجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ "قوم کی آواز" کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر 11/B بلاک 15 الرعی ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
GROUP OF PUBLICATION
VON VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

سرحد پار سے آنے والے دہشت گرد۔۔۔!

پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 27 جون کو کراچی کے علاقے صفورہ میں پاکستان رینجرز (سندھ) کے ایک کیمپ پر بھارتی پراکسی جماعت الاحرار کے خوارج نے دہشت گردانہ حملہ کیا جسے ناکام بناتے ہوئے تین دہشت گردوں کو جہنم واصل جبکہ ایک زخمی افغان دہشت گرد کو گرفتار کرلیا گیا۔ پاکستان رینجرز کی طرف سے کی جانے والی جوابی کارروائی میں رینجرز کے تین جوانوں نے بھی جامِ شہادت نوش کیا جبکہ چار زخمی ہوئے۔ دہشت گردوں نے کیمپ کے مرکزی گیٹ پر دھماکہ کرنے کے بعد سکیورٹی حصار توڑنے کی کوشش کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آپریشن عزمِ استحکام کے تحت انسدادِ دہشت گردی مہم پوری قوت سے جاری رہے گی، پاکستان شہداء کے خون کا بدلہ لینے کیلئے حملے کے ذمہ دار عناصر کے خلاف بھرپور جوابی کارروائیاں کرے گا۔ واقعے پر چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے شہید ہونے والے رینجرز جوانوں کے پسماندگان اور گھر والوں سے گہرے دُکھ اور تعزیت کا اظہار کیا۔ اُنہوں نے اپنے پیغام میں شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ اِن جوانوں کی قربانیاں پوری قوم کے پختہ ارادے اور عزم کی علامت ہیں۔ انہوں نے یقین دلایا کہ ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک فورسز چین سے نہیں بیٹھیں گی اور اِن شہداء کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے بھارتی پراکسی جماعت الاحرار کے دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے جامِ شہادت نوش کرنے والے پاکستان رینجرز کے تین جوانوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، شہداء کی قربانیاں دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے قومی عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ قوم اپنی بہادر مسلح افواج، رینجرز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک جدوجہد پوری قوت اور عزم کے ساتھ جاری رہے گی۔ واضح رہے کہ حملے میں گرفتار ہونے والے زخمی دہشت گرد نے ہوشربا انکشافات کرتے ہوئے بتایا کہ اُس کا نام عثمان علی ہے اور اس کا تعلق جلال آباد سے ہے، حملے میں ملوث اُس کے ساتھ تین ساتھی عبدالہادی، جانان اور عمر فاروق تھے۔ اُس کا کہنا تھا کہ اُنہیں افغانستان میں تربیت دی گئی تھی، وہ لوگ سات دن قبل پاکستان آئے تھے، اُن کے ساتھ آنے والا دہشت گرد عبدالہادی مارا جاچکا ہے جو باجوڑ کا رہائشی تھا جبکہ دوسرے دہشت گرد جانان نے پاکستان رینجرز کے کیمپ پر بم پھینکا تھا۔

کنری کے قریب محمود آباد میں گھروں کو آنے جانیوالا راستہ مبینہ طور پر بند کرنے، فائرنگ اور دھمکیوں کے خلاف بھیل برادری کا احتجاج

کنری (نامہ نگار) کنری کے قریب محمود آباد میں گھروں کو آنے جانے والا راستہ مبینہ طور پر بند کرنے، فائرنگ اور دھمکیوں کے خلاف بھیل برادری کے مردوں، خواتین اور بچوں نے بڑی تعداد میں احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے عمرکوٹ-کنری مین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

آزاد کشمیر میں معمولات زندگی کی بحالی پر وزیراعظم فیصل راٹھور کی کاوشیں کامیاب

فیصل راٹھور کے کوآرڈینیٹر برائے سندھ حاجی محمد علی نے آزاد کشمیر میں تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کی جانب سے ہڑتال کے خاتمے اور کاروبار کے دوبارہ آغاز کے فیصلے کا خیر مقدم کیا

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) آزاد کشمیر میں معمولات زندگی کی بحالی پر وزیراعظم فیصل راٹھور کی کاوشیں کامیاب۔ وزیراعظم آزاد کشمیر فیصل راٹھور کے کوآرڈینیٹر برائے سندھ حاجی محمد علی نے آزاد کشمیر میں تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کی جانب سے ہڑتال کے خاتمے اور کاروبار کے دوبارہ آغاز کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری پریس ریلیز میں کیا۔ انکا مزید کہنا تھا کہ آزاد کشمیر میں معمولات زندگی کی بحالی کاروباری مراکز کا کھلنا اور ٹرانسپورٹ کی روانی وزیراعظم آزاد کشمیر فیصل راٹھور کی دانشمندانہ پالیسیوں اور بروقت اقدامات کا ثمر ہے۔ عوام اور تاجر برادری نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے وہ وزیراعظم فیصل راٹھور کی عوامی خدمت اور امن و امان کے قیام کے لیے جاری کوششوں پر مہرِ تصدیق ہے۔ موجودہ انتظامیہ نے چیمبر مین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی خصوصی ہدایت پر تمام تر چیلنجز کے باوجود بات چیت کے ذریعے مسائل کو حل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

کنری کے قریب بستی ماروی کالونی میں چوتھی جماعت کے طالب علم کی گھر میں لاش ملنے کا واقعہ پیش آیا

کنری (نامہ نگار) کنری کے قریب بستی ماروی کالونی میں چوتھی جماعت کے طالب علم کی گھر میں لاش ملنے کا واقعہ پیش آیا۔ اہل خانہ نے واقعے کو بظاہر خودکشی قرار دیتے ہوئے کسی پر بھی شبہ ظاہر نہیں کیا۔ تفصیلات کے مطابق کنری کے نواحی علاقے بوشان کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

جیکب آباد میں نئے گھریلو گیس کنکشن حاصل کرنے والے صارفین کو بھاری گیس بل موصول ہونے پر شدید پریشانی کا سامنا ہے

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں نئے گھریلو گیس کنکشن حاصل کرنے والے صارفین کو بھاری گیس بل موصول ہونے پر شدید پریشانی کا سامنا ہے۔ بڑی تعداد میں شہریوں نے زائد بلوں کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے گیس آفس کا رخ کیا، جہاں متعدد صارفین نے نئے گیس کنکشن منقطع کرانے کے لیے متعلقہ حکام سے رجوع کیا۔ متاثرہ شہریوں کا کہنا ہے کہ وہ عام گھریلو استعمال کے باوجود ہزاروں روپے کے بل ادا کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے۔ ان کے مطابق نئے کنکشن آر ایل این جی کے تحت ہونے کی وجہ سے گیس کے بل غیر معمولی طور پر زیادہ آرہے ہیں، جس کے باعث غریب اور متوسط طبقے کے لیے گیس کا استعمال بھی مشکل ہوگیا ہے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ متعلقہ حکام مہنگے بلوں کا فوری نوٹس لیں، نئے کنکشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

زرعی پانی کی بندش اور "ہاتھ بند" کیخلاف حر جماعت کے ایک مرید نے اپنے بیٹوں اور اہل خانہ کے ہمراہ نیشنل پریس کلب کنری کے سامنے احتجاجی مظاہرہ

کنری (نامہ نگار) زرعی پانی کی بندش اور "ہاتھ بند" کیخلاف حر جماعت کے ایک مرید نے اپنے بیٹوں اور اہل خانہ کے ہمراہ نیشنل پریس کلب کنری کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا اور پریس کانفرنس کرتے ہوئے پیر صاحب پگارا سے انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق پدھریو فارم کے رہائشی فقیر محمد حسن کوسو نے اپنے بیٹوں اور دیگر اہل خانہ کے ہمراہ نیشنل پریس کلب کنری پہنچے، جہاں انہوں نے احتجاج کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

آبپاشی سب ڈویژن کنری کی مختلف شاخوں کے آخری سروں (ٹیل ایریاز) میں پانی کی شدید قلت، آبادگار سراپا احتجاج

کنری (نامہ نگار) آبپاشی سب ڈویژن کنری کی مختلف شاخوں کے آخری سروں (ٹیل ایریاز) میں پانی کی شدید قلت، مقررہ گیج کے مطابق پانی نہ ملنے اور مبینہ طور پر پانی کی چوری کے خلاف قوم پرست جماعتوں اور آبادگاروں کا آبپاشی دفتر کے سامنے دھرنا دے، مرکزی شاہراہ بلاک کر کے شدید نعرے بازی کی، ٹریفک معطل، تفصیلات کے مطابق آبپاشی سب ڈویژن کنری کی مختلف شاخوں کے ٹیل ایریاز میں پانی کی قلت کے خلاف آبادگاروں اور قوم پرست رہنماؤں نے ''پانی نہیں تو پھر کربلا، کربلا'' کے فلک شگاف نعرے لگاتے ہوئے نبی سر روڈ سے کنری تک تقریباً 25 کلومیٹر پیدل مارچ کیا۔ امتیاز چانڈیو، عمران سولنگی، مٹھو چانڈیو، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

سڑکوں کی خستہ حالی انسانی جانوں کے ضیاع کا باعث بن رہی ہے، سندھ حکومت فوری اقدامات کرے: علامہ راشد محمود سومرو

جیکب آباد (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام (جے یو آئی) سندھ کے قائد علامہ راشد محمود سومرو نے سندھ بھر میں سڑکوں کی انتہائی خستہ حالی اور بڑھتے ہوئے ٹریفک حادثات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سندھ حکومت کی کارکردگی پر سخت تنقید کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کی بیشتر شاہراہیں، لنک روڈز اور شہری سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں، جن کی وجہ سے روزانہ حادثات پیش آرہے ہیں اور قیمتی انسانی جانیں ضائع ہورہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام طویل عرصے سے خراب سڑکوں، گڑھوں اور ناقص تعمیراتی کام کی وجہ سے شدید مشکلات کا شکار ہیں، مگر حکومت اور متعلقہ ادارے اس اہم مسئلے کے حل میں سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کررہے۔ عوام سے ٹیکس وصول کیے جاتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

ڈپٹی کمشنر عمرکوٹ نوید الرحمان لاڑک کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) کا اٹھارہواں اہم اجلاس منعقد

کنری (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر عمرکوٹ نوید الرحمان لاڑک کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) کا اٹھارہواں اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس کے دربار ہال میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایس ایس پی عمرکوٹ سہائی عزیز ٹالپر، اسسٹنٹ کمشنر کنری محمد خان، اسسٹنٹ کمشنر سامارو سنجی کمار ترکیئو، اسسٹنٹ کمشنر پتھورو غلام علی طارق، مختیارکار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

جیکب آباد محکمہ تعلیم میں کروڑوں کا "بجٹ ہضم" اسکینڈل! گرمیوں کی چھٹیوں میں اسکول بند

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد محکمہ تعلیم میں کروڑوں کا "بجٹ ہضم" اسکینڈل! گرمیوں کی چھٹیوں میں اسکول بند، مگر کھیل کود اور اسٹیشنری کے نام پر 25 کروڑ سے زائد کی رقم صاف؛ فرضی بلوں کے ذریعے فنڈز ہڑپ کرنے کا انکشاف تفصیلات کے مطابق سندھ میں سرکاری اسکولوں کی حالتِ زار اور بنیادی سہولیات کا فقدان تو کسی سے ڈھکا چھپا نہیں، لیکن جیکب آباد کے محکمہ تعلیم نے کرپشن اور فنڈز کی بندر بانٹ کی تمام حدیں پار کردی ہیں۔ ضلع کے 826 پرائمری، مڈل اور ہائی اسکولوں میں اسکول اسپیسیفک بجٹ کے نام پر 25 کروڑ 96 لاکھ 48 ہزار روپے سے زائد کی خطیر رقم اڑا دی گئی ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

GOLD RATE

سونا 24K۔(10 گرام)	387,517
سونا 24K۔(فی تولہ)	452,000
سونا 22K۔(10 گرام)	355,224
سونا 22K۔(فی تولہ)	414,440
چاندی۔(10 گرام)	5824

نماز ٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	09:15 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	398/kg
برائلر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)

ٹرینوں کی آمدورفت

علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیز گام	5:30	9:55

شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
امارات درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

International Roundup

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

دبئی پریس کلب میں متحدہ عرب امارات کے میڈیا مواد کے معیارات پر خصوصی ورکشاپ

دبئی پریس کلب کی صدر مونا غانم المری نے نیشنل میڈیا اتھارٹی کی جانب سے میڈیا کے شعبے کے قانونی اور ضابطہ جاتی فریم ورک کو اجاگر کیا

ورکشاپ دبئی پریس کلب کی "میڈیا ورکشاپس" سیریز کا حصہ تھی، جس میں نیشنل میڈیا اتھارٹی کے وائس چیئرمین محمد سعید الشحی نے شرکاء کو بریفنگ دی

ورکشاپ میں دبئی میڈیا کونسل کی سیکرٹری جنرل نہال بدری، دبئی پریس کلب کی ڈائریکٹر مریم الملا سمیت میڈیا شخصیات، ڈیجیٹل مواد تخلیق کرنے پر آگاہی دی

دبئی (بزنس رپورٹر) دبئی پریس کلب نے نیشنل میڈیا اتھارٹی کے تعاون سے "متحدہ عرب امارات کے میڈیا مواد کے معیارات" کے عنوان سے ایک خصوصی ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ یہ ورکشاپ دبئی پریس کلب کی "میڈیا ورکشاپس" سیریز کا حصہ تھی، جس میں نیشنل میڈیا اتھارٹی کے وائس چیئرمین محمد سعید الشحی نے شرکاء کو بریفنگ دی۔ ورکشاپ میں دبئی میڈیا کونسل کی سیکرٹری جنرل نہال بدری، دبئی پریس کلب کی ڈائریکٹر مریم الملا سمیت میڈیا شخصیات، ڈیجیٹل مواد تخلیق کرنے والوں اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے ماہرین نے شرکت کی۔ اس موقع پر دبئی میڈیا کونسل کی نائب چیئرپرسن، منیجنگ ڈائریکٹر اور دبئی پریس کلب کی صدر مونا غانم المری نے نیشنل میڈیا اتھارٹی کی جانب سے میڈیا کے شعبے کے قانونی اور ضابطہ جاتی فریم ورک کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدامات ایسا جدید میڈیا ماحول تشکیل دینے میں مددگار ثابت ہو رہے ہیں جو تخلیقی صلاحیتوں اور جدت کو فروغ دیتا ہے، جبکہ متحدہ عرب امارات کو علاقائی اور عالمی سطح پر میڈیا کے نمایاں مرکز کے طور پر مزید مستحکم بناتا ہے۔ مونا غانم المری نے کہا کہ دبئی پریس کلب میڈیا سے وابستہ افراد کو قومی میڈیا قوانین اور پالیسیوں سے آگاہ رکھنے کے لیے خصوصی پلیٹ فارمز فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے، تاکہ وہ مقامی اور عالمی سطح پر میڈیا کے شعبے میں ہونے والی تیز رفتار تبدیلیوں سے ہم آہنگ رہ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل میڈیا اتھارٹی کے اشتراک سے منعقد ہونے والی یہ ورکشاپ متحدہ عرب امارات میں رائج میڈیا مواد کے معیارات سے مشترکہ آگاہی کو فروغ دیتی ہے، جس سے ایسا ذمہ دار اور پیشہ ورانہ میڈیا مواد تیار کرنے میں مدد ملے گی جو اماراتی معاشرے کی اقدار، قومی شناخت اور ریاست کے مثبت تشخص کی عکاسی کرے۔ ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے محمد سعید الشحی نے متحدہ عرب امارات میں میڈیا کے شعبے سے متعلق قانونی فریم ورک، بالخصوص میڈیا ریگولیشن قانون اور اس کے 2023 میں منظور کیے گئے نئے انتظامی ضوابط پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ یہ جدید قانونی نظام میڈیا کے شعبے میں تیزی سے آنے والی تبدیلیوں سے ہم آہنگ ہے اور ایسا لچکدار اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کرتا ہے جو قومی اقدار اور بین الاقوامی پیشہ ورانہ معیار کے مطابق معیاری مقامی میڈیا مواد کی تیاری کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ذمہ دار میڈیا مواد کی تیاری عوامی اعتماد کے فروغ اور ایک پیشہ ورانہ و قابلِ اعتماد میڈیا ماحول کے قیام کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ ان کے مطابق اماراتی میڈیا قوانین میں شامل معیارات کا مقصد تخلیقی صلاحیتوں کو محدود کرنا نہیں۔

متحدہ عرب امارات کا بیجنگ بین الاقوامی کتاب میلے میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کا آغاز

چین میں امارات کے سفیر حسین بن ابراہیم الحمادی نے وزارتِ ثقافت کے انڈر سیکریٹری مبارک الناخی اور اماراتی و چینی حکام کی موجودگی میں پیویلین کا افتتاح کیا

سفیر حسین بن ابراہیم الحمادی نے اس بات پر زور دیا کہ امارات ثقافت، علم اور تخلیقی صلاحیتوں کو پائیدار ترقی اور مستقبل کی معیشت کے بنیادی ستون سمجھتا ہے

وزیرِ ثقافت شیخ سالم بن خالد القاسمی نے یو اے ای پویلین کے دورے کے دوران کہا کہ اس وقت علم ایک تزویراتی وسیلہ اور ترقی و مسابقت کا اہم محرک بن چکا ہے

بیجنگ (بزنس رپورٹر) متحدہ عرب امارات نے آج 32 ویں بیجنگ بین الاقوامی کتاب میلے میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے اپنی شرکت کا آغاز کیا۔ یہ میلہ چین کے دارالحکومت بیجنگ میں واقع چائنا نیشنل کنونشن سینٹر میں منعقد ہوا۔ یہ شرکت متحدہ عرب امارات کے سفارت خانے اور وزارتِ ثقافت کے اشتراک سے "معاشرہ اور لوگ" کے عنوان کے تحت منعقد کی گئی۔ جو ثقافتی تجربے کے مرکز میں لوگوں کو رکھنے کے اماراتی وژن اور متحدہ عرب امارات و عوامی جمہوریہ چین کے درمیان جامع تزویراتی شراکت داری کی عکاسی کرتا ہے۔ چین میں متحدہ عرب امارات کے سفیر حسین بن ابراہیم الحمادی نے وزارتِ ثقافت کے انڈر سیکریٹری مبارک الناخی اور اماراتی و چینی حکام کی موجودگی میں متحدہ عرب امارات کے مرکزی پویلین "یو اے ای ہاؤس" کا افتتاح کیا۔ وزیرِ ثقافت شیخ سالم بن خالد القاسمی نے یو اے ای پویلین کے دورے کے دوران کہا کہ اس وقت علم ایک تزویراتی وسیلہ اور ترقی و مسابقت کا اہم محرک بن چکا ہے، ایسے میں میلے میں اماراتی شرکت خصوصی اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ عرب امارات ایک ایسے جامع علمی اور ثقافتی نظام کی تشکیل کے لیے پُرعزم ہے جو تخلیقی صلاحیتوں اور جدت طرازی کو فروغ دے اور علاقائی و عالمی سطح پر علمی و ثقافتی مواد کی تیاری اور اشاعت کے لیے سازگار ماحول فراہم کرے۔ شیخ سالم بن خالد القاسمی کے مطابق کتاب میلے اب صرف مطبوعات کی نمائش تک محدود نہیں رہے بلکہ خیالات کے تبادلے اور علمی و اشاعتی شعبوں میں رونما ہونے والی تبدیلیوں کو سمجھنے کے عالمی مراکز بن چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بیجنگ بین الاقوامی کتاب میلے میں متحدہ عرب امارات کی شرکت ملک کے جدید ثقافتی اور علمی تجربے کو اجاگر کرنے، قومی شناخت اور اس کی رواداری، کشادگی اور بقائے باہمی کی اقدار کو پیش کرنے اور ثقافت و علم پر عالمی مکالمے میں اماراتی کردار کو مضبوط بنانے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ وزیرِ ثقافت نے مزید کہا کہ متحدہ عرب امارات اپنی ثقافتی پالیسیوں اور اقدامات کو مسلسل ترقی دے رہا ہے تاکہ ثقافت اور علم کو قومی ترقی کی ترجیحات میں مزید مستحکم مقام حاصل ہو، ثقافتی شعبے کی قومی معیشت میں شراکت بڑھے، معیارِ زندگی بہتر ہو اور ایک ایسا معاشرہ تشکیل پائے جو جدت اور علم کی تخلیق کی صلاحیت رکھتا ہو۔ دورے کے دوران انہوں نے یو اے ای پویلین کے مختلف حصوں اور شریک ثقافتی و تعلیمی اداروں کی جانب سے پیش کی گئی نمائشوں کا جائزہ لیا، جبکہ قومی اشاعتوں اور ثقافتی اقدامات کے بارے میں بھی بریفنگ حاصل کی۔ اس موقع پر سفیر حسین بن ابراہیم الحمادی نے کہا کہ بیجنگ بین الاقوامی کتاب میلے میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے متحدہ عرب امارات کی شرکت دونوں ممالک کے تعلقات میں ایک اہم سنگِ میل ہے۔

بقیہ نمبر 1 ﴿قوم کی آواز﴾

کرنے کی پالیسی اپنائی۔ جس کے نتیجے میں آج ریاست بھر میں معمولات زندگی بحال ہو رہے ہیں۔ حکومتِ آزاد کشمیر عوام کی مشکلات سے بخوبی آگاہ ہے اور پٹرول سمیت دیگر ضروری اشیاء کی ترسیل کو جلد از جلد مکمل طور پر بحال کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ حاجی محمد علی نے مزید کہا کہ وزیراعظم فیصل راٹھور کی قیادت میں حکومت آزاد کشمیر عوام کے حقوق کے تحفظ اور ریاست میں خوشحالی کے سفر کو جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہے اور کسی کو بھی ریاست کا امن خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ نمبر 2 ﴿قوم کی آواز﴾

بستی ماروی کالونی میں رہائش پذیر چوتھی جماعت کے طالب علم 10 سالہ کشور ولد پریم کولہی کی گلے میں پھندہ لگی لاش گھر کے اندر لٹکی ہوئی ملی۔ اطلاع ملنے کے بعد کنری پولیس موقع پر پہنچی، لاش کو اپنی تحویل میں لے کر تعلقہ اسپتال منتقل کیا۔ متوفی کے والد پریم کولہی نے بتایا کہ وہ اہل خانہ کے ہمراہ درگاہ مسکین شاہ گئے ہوئے تھے جبکہ بچہ گھر پر موجود تھا۔ ان کے مطابق واپس آنے پر بچے کو مردہ حالت میں پایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ان کا کسی پر کوئی شک وشبہ نہیں ہے اور وہ کسی قسم کی قانونی کارروائی نہیں کرنا چاہتے۔ پولیس کے مطابق ابتدائی تحقیقات میں واقعہ بظاہر خودکشی معلوم ہوتا ہے، تاہم تمام پہلوؤں سے مزید تفتیش جاری ہے۔ ضروری قانونی کارروائی کے بعد لاش ورثاء ▯ کے حوالے کر دی گئی۔ میت گھر پہنچنے پر کہرام مچ گیا اور اہل خانہ غم سے نڈھال ہو گئے، جبکہ کم عمر طالب علم کی اچانک موت کے باعث علاقے میں سوگ اور تشویش کی فضا قائم ہو گئی۔

بقیہ نمبر 3 ﴿قوم کی آواز﴾

رکھنے والے صارفین کو ریلیف فراہم کریں اور بلنگ کے نظام پر نظرثانی کرتے ہوئے عوام کو غیر ضروری مالی بوجھ سے بچایا جائے۔ دوسری جانب گیس آفس پہنچنے والے متعدد صارفین نے خبردار کیا کہ اگر ان کا مسئلہ حل نہ کیا گیا تو وہ اپنے احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کریں گے۔

بقیہ نمبر 4 ﴿قوم کی آواز﴾

تقریباً پندرہ برس قبل فقیر موسیٰ کھوسہ، قیصر کھوسہ اور دیگر افراد نے ان کی زرعی زمین کا پانی بند کر دیا جس کے باعث ان کی فصلیں تباہ ہوئیں اور وہ شدید مالی مشکلات کا شکار ہو گئے۔ فقیر محمد حسن کھوسہ نے اپنی اہلیہ مسمات بمبی، بیٹوں قربان کھوسہ، صلاح محمد کھوسہ و دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ جب انہوں نے پانی کی بندش کے خلاف عدالت سے رجوع کیا تو مخالفین نے خلیفہ احمد بخش راجڑ سے ساز باز کر کے حر جماعت کی کمیٹی کے ذریعے ان کا "ہاتھ بند" کرا دیا ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ آٹھ سال سے ان کا ہاتھ بند ہے جس کی وجہ سے انہیں سماجی طور پر الگ تھلگ کر دیا گیا ہے اور ان کے خاندان کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ فقیر محمد حسن کو سوئے کا کہہ وہ اس سلسلے میں جماعتی کمیٹی کو متعدد درخواستیں اور خطوط ارسال کر چکے ہیں جبکہ کئی بار پیر صاحب پگارا کے گاؤں جا کر بھی فریاد کی، لیکن آج تک ان کی شکایت پر کوئی کارروائی نہیں ہوئی اور نہ ہی ان کی دادفریاد کوئی سننے والا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ ایک جانب ان کا زرعی پانی بند کر کے ان کے روزگار کا ذریعہ چھین لیا گیا جبکہ دوسری جانب ہاتھ بند کروا کر انہیں سماجی اور معاشی طور پر نقصان پہنچایا جا رہا ہے، جو ان کے بقول کھلی ناانصافی اور ان کے خاندان کے معاشی قتل کے مترادف ہے۔ احتجاج کے دوران فقیر محمد حسن کھوسہ اور ان کے اہل خانہ نے پیر صاحب پگارا سے اپیل کی کہ وہ معاملے کا فوری نوٹس لیں اور ان کے ساتھ انصاف کریں ان کا "ہاتھ بند" ختم کرایا جائے، زرعی پانی بحال کیا جائے اور انہیں انصاف فراہم کیا جائے تاکہ وہ معمول کی زندگی گزار سکیں

بقیہ نمبر 5 ﴿قوم کی آواز﴾

اس میگا اسکینڈل کا سب سے سنسنی خیز پہلو یہ ہے کہ جب جون کے مہینے میں سخت گرمی کے باعث اسکولوں میں چھٹیاں تھیں، اس وقت کاغذات میں کھیل کے مقابلے کرا کر اور اسٹیشنری خرید کر کروڑوں روپے کے فنڈز نکالے گئے۔ دستاویزات اور باثوق ذرائع کے مطابق، ضلع بھر کے جن اسکولوں نے اس بجٹ کا بے دریغ استعمال دکھایا ہے، ان کی تفصیل کچھ یوں ہے 580 گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول، 34 بوائز لوئر سیکنڈری، 42 بوائز ہائی اسکول، اور 11 بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول۔ 131 گرلز پرائمری اسکول، 20 گرلز لوئر سیکنڈری، 12 گرلز ہائی اسکول، اور 3 گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول کچھ اسکول ایسے ہیں جنکو 12 کروڑ روپے تک کے فنڈز کا براہِ راست اجراء ▯ ہوا، جسے اسٹیشنری، فرنیچر کی خریداری، کھیل کے میدانوں کی مرمت، غیر نصابی سرگرمیوں اور کھیل کے مقابلوں کی مد میں خرچ دکھایا گیا ہے۔ شہر کے عوامی اور سماجی حلقوں نے اس بجٹ کے استعمال پر شدید ترین سوالات اٹھا دیے ہیں۔ جب جون کے مہینے میں پورے سندھ کے اسکول شدید گرمی کی وجہ سے بند تھے اور بچے گھروں میں محصور تھے، تو اسکولوں کے گراؤنڈز پر کھیل کے مقابلے کس نے کھیلے؟ فرضی بلوں کا دھندہ: باثوق ذرائع نے انکشاف کیا ہے کہ اسکولوں میں عملاً کوئی کام نہیں ہوا، بلکہ من پسند کمپنیوں اور دکانوں کے فرضی اور بوگس بلوں کے ذریعے یہ ساڑھے 25 کروڑ سے زائد کی رقم ملی بھگت سے ہڑپ کی گئی ہے۔ یہ غریب بچوں کے مستقبل پر شب خون مارنے کے مترادف ہے۔ ایک طرف اسکولوں میں پینے کا صاف پانی اور واش روم تک نہیں ہیں، اور دوسری طرف بند اسکولوں میں کاغذات کے پیٹ بھر کر کروڑوں روپے ہضم کر لیے گئے جیکب آباد کے شعور یافتہ شہریوں، اساتذہ کی تنظیموں اور والدین نے وزیراعلیٰ سندھ، صوبائی وزیر تعلیم اور ڈائریکٹر اینٹی کرپشن سے مطالبہ کیا ہے کہ جون کے مہینے میں نکالے گئے تمام فنڈز کا فوری فزیکل اور فارنزک آڈٹ کروایا جائے۔ اسکولوں کا دورہ کر کے دیکھا جائے کہ آیا وہاں نیا فرنیچر اور اسٹیشنری پہنچی بھی ہے یا سب کچھ صرف فائلوں کی حد تک ہے۔ فرضی بل بنا کر قومی خزانے پر ڈاکہ ڈالنے والے کرپٹ افسران اور مافیا کو بے نقاب کر کے جیل کی سلاخوں کے پیچھے بھیجا جائے تاکہ اسکولوں میں سہولیات کا فقدان واقعی ختم ہو سکے۔

بقیہ نمبر 6 ﴿قوم کی آواز﴾

روڈ پر دھرنا دے دیا، جس کے باعث دونوں اطراف سے آنے والی ٹریفک تقریباً تین گھنٹے تک معطل رہی اور مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ احتجاج کے دوران مظاہرین نے سڑک پر رکاوٹیں کھڑی کر کے ٹائر نذرِ آتش کیے اور شدید نعرے بازی کی۔ اس موقع پر پانچو بھیل، کانیو بھیل، علی کمہار اور دیگر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ علاقے کے بااثر شخص کبیر اٹھوانی نے ان کے گھروں کو جانے والا پرانا راستہ بند کر دیا ہے، جس کی وجہ سے ان کی روزمرہ زندگی شدید متاثر ہو گئی ہے۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ راستہ بند کرنے کے بعد ان پر مبینہ طور پر حملہ بھی کیا گیا اور فائرنگ کی گئی، جس کے باعث خواتین اور بچوں میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ غریب اور محنت کش لوگ ہیں، مگر بااثر فریق نے ان کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ احتجاج کرنے والوں نے الزام لگایا کہ متعدد بار متعلقہ حکام کو شکایات درج کرانے کے باوجود ان کی دادرسی نہیں کی گئی، جس کے باعث وہ احتجاج پر مجبور ہوئے۔ انہوں نے سندھ حکومت، ضلعی انتظامیہ، پولیس کے اعلیٰ حکام اور دیگر متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے گھروں کو جانے والا راستہ بحال کرایا جائے، مبینہ فائرنگ اور حملے میں ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے اور متاثرین کو تحفظ اور انصاف فراہم کیا جائے۔ مظاہرین نے مزید دعویٰ کیا کہ واقعے کی ایک ویڈیو بھی سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی ہے، جس میں ان کے بقول نامزد بااثر زمیندار ہاتھ میں اسلحہ اٹھائے متاثرین کو دھمکیاں دیتا دکھائی دے رہا ہے۔ ادھر تقریباً تین گھنٹے تک جاری رہنے والے دھرنے کے باعث سڑک کے دونوں جانب گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں اور مسافر شدید پریشانی کا شکار رہے۔ بعد ازاں ایس ایچ او کنری فرحان میمن موقع پر پہنچے اور مظاہرین کو انصاف کی یقین دہانی کرانے کے بعد دھرنا ختم کرایا

بقیہ نمبر 7 ﴿قوم کی آواز﴾

عمرکوٹ، چیف آفیسر ضلع کونسل عمرکوٹ سید ساجد علی شاہ، چیف میونسپل آفیسر عمرکوٹ شریف ناریجو، ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ ہریش چندر، ڈپٹی ڈائریکٹر ویمن ڈیولپمنٹ عمرکوٹ، ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر عمرکوٹ، ایگزیکٹو انجینئر حسیکو علی رضا بھٹی، ایکسائز انسپکٹر، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت عمرکوٹ، محکمہ اطلاعات کے ضلعی افسر محمد اسلم بھٹی، سیکریٹری آر ٹی اے عرفان اللہ رند، ڈسٹرکٹ لیبر آفیسر عمرکوٹ گلزار احمد آرائیں، اسسٹنٹ ڈائریکٹر اقلیتی امور میر پور خاص سکندر علی کلوئی سمیت مختلف محکموں کے ضلعی افسران، حساس اداروں، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندوں اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں صوبائی ایپکس کمیٹی اور وفاقی ایپکس کمیٹی کے فیصلوں پر عمل درآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ حکومت سندھ اور وفاقی حکومت کی جانب سے امن و امان کے قیام، دہشت گردی کے خاتمے، اسمگلنگ کی روک تھام، منشیات کے ناسور کے خاتمے، غیر قانونی رہائشیوں کے خلاف کارروائی اور سرکاری املاک کے تحفظ سے متعلق جاری ہدایات پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع بھر میں قانون پر مکمل عمل درآمد یقینی بنایا جائے، جبکہ غفلت کے مرتکب افسران کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ضلع بھر میں سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے جائیں۔ اجلاس میں غیر قانونی طور پر قائم پٹرول پمپوں کے خلاف کارروائی اور اس حوالے سے پیش رفت رپورٹ کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ تمام مدارس کی رجسٹریشن جلد مکمل کی جائے، جبکہ رجسٹریشن نہ کرانے والے مدارس کو سیل کر دیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلع میں مختلف کھیلوں کے مقابلے منعقد کرائے جائیں اور ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر کو ہدایت کی کہ ضلعی انتظامیہ اور ضلعی پولیس کے درمیان کرکٹ میچ کا انعقاد کیا جائے۔ انہوں نے محکمہ انسدادِ منشیات کو ہدایت کی کہ روزانہ کی بنیاد پر چیکنگ کا عمل جاری رکھا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نوید الرحمان لاڑک نے کہا کہ لوکل گورنمنٹ اور اسسٹنٹ کمشنرز مشترکہ طور پر ڈسٹرکٹ انفارمیشن اور جعلی خبروں سے متعلق عوامی آگاہی کے لیے سیمینارز منعقد کریں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع عمرکوٹ ایک پُرامن ضلع ہے، جہاں مذہبی ہم آہنگی، رواداری اور بھائی چارے کی بہترین مثال موجود ہے۔ اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر حسیکو علی رضا بھٹی نے بتایا کہ پولیس اور رینجرز کے تعاون سے (ایک کروڑ 67 لاکھ روپے) کی ریکوری کی جا چکی ہے۔

بقیہ نمبر 8 ﴿قوم کی آواز﴾

ہیں لیکن انہیں بنیادی سہولیات تک میسر نہیں، جو افسوسناک صورتحال ہے۔ جے یو آئی سندھ کے پریس سیکریٹری ڈاکٹر اے جی انصاری نے میڈیا کا جاری کی۔ علامہ راشد محمود سومرو نے کہا کہ تحفظ اور معیاری سڑکیں ہر شہری کا بنیادی حق ہیں۔ سندھ حکومت کو چاہیے کہ وہ فوری طور پر صوبے بھر کی خستہ حال سڑکوں کی مرمت، بحالی تعمیر اور ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت کو یقینی بنائے تاکہ حادثات میں کمی آئے اور عوام کو محفوظ سفری سہولیات میسر آ سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر سڑکوں کی تعمیر و مرمت کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات نہ کیے گئے تو عوامی مشکلات میں مزید اضافہ ہوگا، جس کی تمام تر ذمہ داری سندھ حکومت اور متعلقہ اداروں پر عائد ہوگی۔

بقیہ نمبر 9 ﴿قوم کی آواز﴾

علی رضا سولنگی، نظر حسین رند اور دیگر رہنماؤں کی قیادت میں مظاہرین کنری پہنچے، جہاں انہوں نے آبپاشی ڈویژن کے دفتر کے سامنے احتجاجی مظاہرہ اور دھرنا دیا۔ اس دوران عمرکوٹ۔ کنری مرکزی شاہراہ کو ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند کر دیا گیا، جس کے باعث دونوں جانب گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں اور مسافروں کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ اس موقع پر رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ آبپاشی سب ڈویژن کنری کی شاخوں کے آخری حصوں تک پانی نہیں پہنچ رہا اور مصنوعی طور پر پانی کی قلت پیدا کی جا رہی ہے، جس کی وجہ سے ٹیل کے آبادگار شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کنری شاخ، راہو سر شاخ، سانوری شاخ اور نبی سر مائنر کے آخری حصوں میں اس وقت پانی کی شدید قلت ہے، شاخوں میں پانی نہ ہونے کے باعث زمینیں خشک ہو چکی ہیں، ریت اڑ رہی ہے اور فصلیں سوکھنے لگی ہیں، جس سے آبادگاروں کو لاکھوں روپے کا نقصان برداشت کرنا پڑ رہا ہے۔ مقررین کا کہنا تھا کہ ہاری طبقہ بے روزگاری اور قرضوں کے بوجھ تلے دب چکا ہے اور بعض کسان خودکشی جیسے انتہائی اقدامات پر مجبور ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خریف کی فصل کی بوائی کے دوران ڈیزل کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی تھیں، جس کے باعث زمیندار اور ہاری پہلے ہی لاکھوں روپے کے مقروض ہو چکے ہیں، جبکہ اب پانی کی مصنوعی قلت نے ان کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ احتجاجی رہنماؤں نے الزام لگایا کہ آبپاشی کے بعض اہلکار شاخوں کے ابتدائی حصوں میں مبینہ طور پر پانی کی چوری اور فروخت میں ملوث ہیں، جس کے نتیجے میں ٹیل ایریاز کے آبادگار پانی سے محروم ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہزاروں کسانوں اور ہاریوں کے معاشی استحصال کے مترادف ہے۔ مظاہرین نے ڈائریکٹر ناراکینال، منیجنگ ڈائریکٹر سیڈا اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ ٹیل ایریاز میں پانی کی قلت کا فوری نوٹس لیا جائے، مقررہ شیڈول کے مطابق پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور آبادگاروں کے ساتھ انصاف کیا جائے۔ بعد ازاں ایس ایچ او کنری فرحان میمن موقع پر پہنچے اور مظاہرین سے مذاکرات کے بعد انہیں مسائل کے حل کی یقین دہانی کرائی، جس پر دھرنا ختم کر دیا گیا۔ تاہم مظاہرین کا کہنا تھا کہ احتجاج کے دوران آبپاشی محکمے کا کوئی بھی ذمہ دار افسر یا اہلکار ان سے مذاکرات کے لیے نہیں پہنچا

بقیہ نمبر 10 ﴿قوم کی آواز﴾

وزارتِ صنعت و پیداوار کے تحت سمیڈا کاروباری ترقیاتی خدمات، کاروباری رہنمائی، پالیسی سازی میں معاونت، مالی وسائل تک رسائی، کلسٹر ڈیولپمنٹ، برآمدات کے فروغ اور استعداد کار بڑھانے کے مختلف پروگراموں کے ذریعے ایم ایس ایم ایز کی معاونت جاری رکھے ہوئے ہے۔ سمیڈا (SMEDA) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے رکن مشہود علی خان نے مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے تقریب میں شرکت کی اور پاکستان کی معیشت کو مضبوط بنانے میں کاروباری سرگرمیوں اور انٹرپرینیورشپ کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے روزگار کے مواقع پیدا کرنے، جدت کو فروغ دینے اور جامع معاشی ترقی میں ایم ایس ایم ایز کے کردار کو سراہا۔ شرکاء نے کاروباری افراد کی معاونت اور ایم ایس ایم ایز کی اہم ماحولیاتی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے سمیڈا کی کوششوں کو قابلِ تحسین قرار دیا۔ انٹرایکٹیو سیشن کے دوران ایم ایس ایم ایز کو درپیش اہم مسائل، جن میں توانائی کی بڑھتی ہوئی لاگت، مالی وسائل تک رسائی، برآمدات کے فروغ اور ریگولیٹری چیلنجز شامل تھے، پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس نے شرکاء کو کاروباری ماحول کو مزید سازگار بنانے اور مقامی صنعتوں و کاروباری اداروں کی مسابقتی صلاحیت بڑھانے کے لیے اپنی تجاویز پیش کرنے کا بھی موقع فراہم کیا۔ واضح رہے کہ عالمی ایم ایس ایم ایز ڈے ہر سال اقوام متحدہ کی قرارداد کے تحت منایا جاتا ہے۔ تاکہ مائیکرو، اسمال اور میڈیم انٹرپرائزز کے پائیدار ترقی، جدت، روزگار کے فروغ اور معاشی خوشحالی میں اہم کردار کو عالمی سطح پر تسلیم کیا جا سکے۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان میں کاروباری سرگرمیوں، صنعتی ترقی، روزگار کے مواقع میں اضافے اور کاروبار دوست ماحول کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 11 ﴿قوم کی آواز﴾

پر روشنی ڈالی اور پاکستانی جامعات کو روانڈا کے تعلیمی اداروں کے ساتھ طلبہ و اساتذہ کے تبادلہ پروگراموں کے ذریعے روابط مستحکم کرنے کی دعوت دی۔ انہوں نے ایڈیمیا، حکومت اور صنعت کے درمیان اختراع، کاروباری سرگرمیوں اور تحقیق کو تجارتی بنیادوں پر فروغ دینے کے لیے پبلک پرائیویٹ ایکڈیمک پارٹنرشپ (PPAP) ماڈل کی بھی تجویز پیش کی۔ آئی سی سی آئی کی قائمہ کمیٹی برائے تعلیم کے کنوینر اور ایس او ایس فاؤنڈیشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر عبدالسلام نے کہا کہ اس ورکشاپ کا مقصد اساتذہ کو جدید تدریسی مہارتوں سے آراستہ کرنا ہے تاکہ وہ اکیسویں صدی کے تقاضوں سے ہم آہنگ کلاس رومز میں مؤثر کردار ادا کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ آئی سی سی آئی کے تعاون سے آئندہ بھی اساتذہ کی استعداد کار بڑھانے کے لیے اس نوعیت کی اہم ورکشاپس کا انعقاد جاری رکھا جائے گا۔ ایجوٹرانسفارم کی چیف ایگزیکٹو آفیسر اور آئی سی سی آئی قائمہ کمیٹی برائے تعلیم کی وائس چیئرپرسن ڈاکٹر انیلہ ملک نے جدید تدریسی حکمت عملیوں اور تعلیمی قیادت کے حوالے سے مفید اور عملی رہنمائی فراہم کی۔ سرکاری اور نجی شعبے سے تعلق رکھنے والے شرکاء ▯ نے اس بامقصد ورکشاپ کے انعقاد پر آئی سی سی آئی، ایس او ایس فاؤنڈیشن اور ایجوٹرانسفارم کو خراجِ تحسین پیش کیا اور تعلیم کے میدان میں صنعت اور تعلیمی اداروں کے مابین مؤثر تعاون کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا۔ تقریب میں آئی سی سی آئی کے نائب صدر عرفان چوہدری، ایگزیکٹو ممبران وسیم چوہدری، ذوالقرنین عباسی، عمران منہاس سمیت چیمبر کے ممبران کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 12 ﴿قوم کی آواز﴾

گئے، فوری طور پر خاتون اسکول ٹیچر اور کئی بچوں کو نکال لیا گیا۔ امدادی ادارے کے مطابق نکالے گئے بچوں کی سانسیں بند ہو رہی تھیں امدادی کارکنان نے فوری طور پر بچوں کے منہ اور ناک سے مٹی نکالی تاکہ سانسیں بحال ہو سکیں اور انہیں اسپتال روانہ کر دیا۔ نکالے گئے بچوں کی حالت نازک تھی کئی بچوں کی نبض بھی نہیں چل رہی تھی۔ اطلاعات سامنے آئی ہیں کہ گھر کی چھت پر مٹی کی بھی بڑی مقدار موجود تھی، چھت گرنے پر بچے مٹی میں دب گئے، گھر کی چھت پر مزدور کام کر رہے تھے۔ امدادی ادارے کے مطابق بچوں کی مجموعی تعداد بیس سے پچیس کے درمیان ہو سکتی ہے، 22 بچوں کو نکالا گیا جب کہ مقامی لوگوں کا کہنا ہے کہ یہاں 35 بچے ٹیوشن پڑھنے آتے تھے۔ امدادی ادارے 1122 نے اوزاروں کے بجائے ہاتھوں سے مٹی ہٹانے کو ترجیح دی تاکہ چھٹے بچوں کو نقصان نہ پہنچے۔ ایم ایس ٹی ایچ کیوکا ہبنہ نے تصدیق کی ہے کہ واقعے میں 14 بچے جاں بحق ہو گئے، خاتون ٹیچر اور 8 بچے زخمی ہوئے۔ معلوم ہوا ہے کہ انیلہ ریحان نامی خاتون نے گھر میں ٹیوشن سینٹر کھولا ہوا تھا اور وہ خود ہی پڑھاتی تھی وہ بھی زخمی ہے جب کہ گھر خستہ حال تھا۔ پولیس نے مالک مکان سمیت 5 افراد کو حراست میں لے لیا۔ کمرے کی چھت پر مزدور کام کر رہے تھے جس کی وجہ سے چھت گری، پانچ گرفتار۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کے مطابق 8 بچے اور ایک ٹیچر زخمی ہیں، 14 بچوں کی ہلاکت کنفرم ہو چکی ہے، متاثرہ عمارت ایک سنگل اسٹوری بلڈنگ ہے، کمرے کی چھت پر مٹی ڈالی جا رہی تھی، مزدور کام کر رہے تھے، 5 لوگوں کو حراست میں لیا ہے، ابتدائی تحقیقات جاری ہیں، جاں بحق بچے اسی محلے کے رہنے والے تھے۔ پی ایف ایس کی ٹیم بھی آ رہی ہے، بلڈنگ کی حالت کا جائزہ لے گی۔ جاں بحق بچوں کے نام: 1 عبداللہ ولد مصطفیٰ بعمر 8 سال۔ 2 سلمان ولد وسیم بعمر 08 سال۔ 3 اروج دختر مصطفیٰ بعمر 09 سال۔ 4 مہور ولد فاروق بعمر 08 سال۔ 5 تنشیہ دختر شہزادہ بعمر 07 سال۔ 6 فواد ولد محمد عابد بعمر 08 سال۔ 7 ایمان فاطمہ دختر مصطفیٰ بعمر 11 سال۔ 8 خدیجہ دختر وسیم بعمر 12 سال۔ 9 اروج دختر مرتضیٰ بعمر 06 سال۔ 10 ارتضیٰ بعمر 04 سال۔ رمشا بعمر 06 سال۔ 11 علی ولد فرمان بعمر 06 سال۔ 12 ارحم ولد حسن علی بعمر 8 سال۔ 13 دعا دختر گلفام بعمر 07 سال۔ 14 عبداللہ ولد اصغر بعمر 07 سال۔ صدر مملکت کا دکھ کا اظہار۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے لاہور کا ہنبہ واقعے پر دکھ کا اظہار کیا اور کہا کہ معصوم بچوں کی قیمتی جانوں کا ضیاع پوری قوم کے لیے انتہائی افسوسناک ہے، ایسے سانحات کے تدارک کے لیے مؤثر حفاظتی اقدامات ناگزیر ہیں۔ وزیراعظم کا اظہار افسوس۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کاہنبہ کے واقعے پر اظہار افسوس کیا ہے۔ وزیراعظم نے حادثے میں بچوں کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کیا، وزیراعظم نے جاں بحق بچوں کی بلندی درجات کی دعاء اور ان کے لواحقین سے اظہار تعزیت کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا اور انہیں ہر ممکن طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے واقعے پر اظہار افسوس میں کہا ہے کہ بطور ماں والدین کی تکلیف کا اندازہ کر سکتی ہوں، تکلیف کا اظہار کرنے کے لیے الفاظ نہیں مل رہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو اور امدادی کارروائیاں فوری طور پر شروع کر دی گئیں، ریسکیو آپریشن مکمل کر کے 20 بچوں کو بحفاظت نکال لیا گیا، 14 قیمتی جانوں کا ضیاع انتہائی المناک اور ناقابلِ تلافی سانحہ ہے، اس سانحے کے ذمہ دار کسی رعایت کے مستحق نہیں، قانون کے شکنجے میں لائیں گے، واقعے کی مکمل، شفاف اور غیر جانب دارانہ تحقیقات کی ہدایت کر دی ہے، غفلت یا کوتاہی کے مرتکب افراد کو قانون کے مطابق کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے صوبے بھر کے تعلیمی اداروں اور نجی اداروں کی عمارتوں کے حفاظتی معیار کا جامع جائزہ لینے کی ہدایت کر دی اور کہا کہ مستقبل کے لیے مربوط و مؤثر حکمتِ عملی مرتب کی جائے گی تاکہ ایسا افسوسناک واقعات کو روکا جا سکے۔

بقیہ نمبر 13 ﴿قوم کی آواز﴾

دیگر ڈیجیٹل آلات با آسانی خرید سکیں گے۔ معاہدے پر دستخط ابھی مائیکرو فنانس بینک کی چیف کمرشل آفیسر مریم پرویز اور ایرلنگ کے گروپ سی ای او منظر حیات پراچہ نے کیے۔ صارفین کو ایئر لنگ کے وسیع ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک پر فوری قرض کی سہولت دستیاب ہوگی۔

بقیہ نمبر 14 ﴿قوم کی آواز﴾

60 کروڑ ڈالر (1.6 ارب ڈالر) سے زائد کا قیمتی زرمبادلہ بچا کر ملکی تاریخ کی بلند ترین سالانہ آمدنی کا ریکارڈ قائم کر دیا۔ ماہرین کے مطابق آئی ٹی اور فری لانسنگ کے شعبے میں ہونے والی یہ غیر معمولی پیش رفت پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت کے تیزی سے فروغ کی عکاس ہے، جبکہ مناسب حکومتی سرپرستی اور جدید تربیت کی فراہمی سے آئندہ چند برسوں میں سالانہ 10 ارب ڈالر تک زرمبادلہ حاصل کرنے کا ہدف بھی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ فری لانسرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے چیئرمین ابراہیم امین نے بتایا کہ پاکستانی فری لانسرز ملکی معیشت میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 2022 سے 2026 کے دوران فری لانسنگ سے حاصل ہونے والا زرمبادلہ 40 کروڑ ڈالر سے بڑھ کر 1.6 ارب ڈالر تک پہنچ گیا، جو اس شعبے کی تیز رفتار ترقی کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں سے تعلق رکھنے والے نوجوان محدود وسائل، بجلی اور انٹرنیٹ کی مشکلات کے باوجود جدید مہارتیں سیکھ کر عالمی مارکیٹ میں اپنی خدمات فراہم کر رہے ہیں، جس کے باعث نہ صرف ان کی آمدنی میں اضافہ ہوا بلکہ پاکستان کے لیے قیمتی زرمبادلہ بھی حاصل ہو رہا ہے۔ ابراہیم امین کے مطابق پاکستان کی 60 فیصد سے زائد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے، جو ملک کا سب سے بڑا اثاثہ ہے۔ اگر حکومت اور نجی شعبہ مل کر نوجوانوں کو جدید ڈیجیٹل مہارتوں کی تربیت، بہتر انٹرنیٹ سہولیات اور بین الاقوامی مارکیٹ تک رسائی فراہم کریں تو پاکستان فری لانسنگ کے شعبے سے سالانہ 10 ارب ڈالر تک زرمبادلہ کما سکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ فری لانسنگ نہ صرف نوجوانوں کے لیے باعزت روزگار کے نئے مواقع پیدا کر رہی ہے بلکہ بے روزگاری میں کمی، برآمدات میں اضافے اور ملکی معیشت کے استحکام میں بھی اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 15 ﴿قوم کی آواز﴾

نے مئی 2026 کے ماہانہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی کے نرخوں میں 82 پیسے فی یونٹ اضافے کی درخواست نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) میں جمع کرا دی ہے۔ نیپرا ذرائع کے مطابق سی پی پی اے کی درخواست پر اتھارٹی کل سماعت کرے گی، جس کے دوران پیش کیے گئے اعداد و شمار اور پیداواری لاگت کا جائزہ لینے کے بعد حتمی فیصلہ جاری کیا جائے گا۔ درخواست منظور ہونے کی صورت میں بجلی صارفین پر تقریباً 12 ارب روپے کا اضافی مالی بوجھ پڑنے کا امکان ہے۔ درخواست میں بتایا گیا ہے کہ مئی 2026 کے دوران مجموعی طور پر 12 ارب 63 کروڑ 80 لاکھ یونٹس بجلی پیدا کی گئی۔ اس عرصے میں بجلی کی اوسط فیول لاگت 9 روپے 25 پیسے فی یونٹ ریکارڈ کی گئی، جبکہ ریفرنس فیول لاگت 8 روپے 43 پیسے فی یونٹ مقرر تھی، جس کے باعث 82 پیسے فی یونٹ اضافے کی ضرورت پیش آئی۔ سی پی پی اے کے مطابق مئی کے دوران بجلی کی پیداوار میں مختلف ذرائع کا حصہ بھی سامنے آیا، جس میں پانی سے 33.27 فیصد، مقامی کوئلے سے 11.66 فیصد، درآمدی کوئلے سے 13.54 فیصد، مقامی گیس سے 8.31 فیصد اور فرنس آئل سے 0.16 فیصد بجلی پیدا کی گئی۔ نیپرا درخواست پر تمام تکنیکی اور مالیاتی پہلوؤں کا جائزہ لینے کے بعد فیصلہ جاری کرے گی۔ منظوری کی صورت میں اضافی وصولی آئندہ بجلی کے بلوں میں ماہانہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں کی جائے گی، تاہم اس کا اطلاق نیپرا کے حتمی فیصلے اور قابلِ اطلاق صارفین کی کیٹیگریز کے مطابق ہوگا۔

بقیہ نمبر 16 ﴿قوم کی آواز﴾

علاقوں کو درپیش عوامی مسائل، ترقیاتی امور اور انتظامی مشکلات سے آگاہ کیا۔ ملاقات کے دوران وفود نے بنیادی سہولیات، ترقیاتی منصوبوں، صنعتی سرگرمیوں، کاروباری ماحول اور دیگر عوامی نوعیت کے مسائل پر تفصیلی گفتگو کی۔ وفود نے صوبائی وزیر کو مختلف علاقو

پاکستان، اٹلی کے درمیان 20 ملین یورو کے رعایتی قرضے کا معاہدہ

معاہدے پر سیکرٹری اقتصادی امور محمد حمیر کریم اور پاکستان میں اٹلی کی سفیر ماریلینا آرمیلین نے دستخط کیے

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) پاکستان اور اٹلی کے درمیان 20 ملین یورو (قریباً 6.3 ارب روپے) کے رعایتی قرضے کے معاہدے پر دستخط کر دیئے گئے ہیں، جس کا مقصد پاکستان کے تکنیکی و پیشہ ورانہ تعلیم وتربیت کے نظام کو زرعی شعبے کی ضروریات سے ہم آہنگ کرتے ہوئے جدید خطوط پر استوار کرنا ہے۔ وزارت اقتصادی امور کے مطابق معاہدے پر سیکرٹری اقتصادی امور محمد حمیر کریم اور پاکستان میں اٹلی کی سفیر ماریلینا آرمیلین نے دستخط (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں نیا ادائیگیوں کا نظام متعارف

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام مستحق خواتین کو زیادہ سہل، محفوظ اور باوقار طریقے سے ادائیگیوں کی فراہمی کے لیے ڈیجیٹل والٹ نظام متعارف کرا رہا ہے، سینیٹر روبینہ خالد

کراچی (بزنس رپورٹر) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام ہیڈکوارٹرز میں آج ڈیجیٹل والٹ کے ذریعے بینظیر کفالت کی آئندہ قسط کی ادائیگی کے نئے نظام کے مؤثر نفاذ کے لیے بڑے پیمانے پر تربیتی سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس میں بی آئی ایس پی کے افسران اور عملے نے شرکت کی۔ اس موقع پر چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد نے تربیت میں شریک افسران اور سٹاف سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

کتب بینی کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے، عبدالرحمٰن جسکانی

جسکانی پروڈیٹیا بک فاؤنڈیشن کی خدمات قابل تحسین ہیں، ایگزیکٹو ڈائریکٹر گرین اسکول سسٹم، ایم او یو پر دستخط

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کتب بینی کے رجحان کو فروغ دینا موجودہ دور کی اہم ترین ضرورت ہے، کیونکہ کتابیں نوجوان نسل میں علم، شعور اور مثبت سوچ کو پروان چڑھانے کا مؤثر ذریعہ ہیں۔ ان خیالات کا اظہار گرین اسکول سسٹم اور گرین انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی گلشن حدید کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر عبدالرحمٰن جسکانی نے پروڈیٹیا بک فاؤنڈیشن کے ساتھ طلبہ کے لیے لائبریری کتب کی فراہمی کے سلسلے میں ہونے والی ایم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

چاول کی برآمد اضافے کیلئے DLTL اسکیم میں توسیع کی جائے

شپنگ لائنز کی محدود آپریشنل سرگرمیوں نے برآمدات کو شدید متاثر کیا، جاوید جیلانی، رفیق سلیمان

کراچی (بزنس رپورٹر) رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان (ریپ) کے سینئر وائس چیئرمین جاوید جیلانی اور سابق چیئرمین رفیق سلیمان نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ چاول کی برآمدات میں اضافے، برآمد کنندگان کو درپیش مالی مشکلات کے خاتمے اور زرمبادلہ میں اضافے کے لیے ڈیوٹی اینڈ لیویز ایکسپیریمنٹ (ڈی ایل ٹی ایل) اسکیم کی مدت میں کم از کم 30 ستمبر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

پاک بحریہ کے شہید افسر کی باہمت اہلیہ نے پاکستان نیوی میں بطور آفیسر کمیشن حاصل کرلیا

میرے شہید شوہر لیفٹیننٹ کمانڈر حمزہ عابد کی شہادت سے میرے اندر بھی پاک بحریہ میں شمولیت کا جذبہ پیدا ہوا، الویرا حمزہ

کراچی (این این آئی) پاک بحریہ کے شہید افسر کی اہلیہ نے اپنے شوہر کی شہادت کے غم کو عزم و حوصلے میں بدلتے ہوئے پاک بحریہ میں بطور آفیسر کمیشن حاصل کر لیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

پاکستان کا پہلا مقامی پے پاک کریڈٹ کارڈ رواں سال متعارف کرانے کا اعلان

پے پاک کریڈٹ کارڈ صارفین کو بین الاقوامی ادائیگی کارڈز کے مقابلے میں ایک مقامی متبادل فراہم کرے گا، نجیب آگرہ والا

کراچی (این این آئی) پاکستان کے مالیاتی اور ڈیجیٹل ادائیگی نظام میں ایک اہم پیش رفت کے طور پر ملک کا پہلا مقامی پے پاک کریڈٹ کارڈ رواں سال متعارف کرانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

تارکین وطن کے لیے بڑی خوشخبری؛ امریکی عدالت نے ٹرمپ کے حکم نامے کو ہوا میں اُڑا دیا

ٹرمپ نے ایگزیکٹیو آرڈر کے تحت تارکین وطن کے امریکا میں پیدا ہونے والے بچوں کو شہریت نہ دینے کا اعلان کیا تھا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) دوسری بار صدارت کا عہدہ سنبھالتے ہی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کئی ایسے متنازع ایگزیکٹیو آرڈرز جاری کیے جن سے تارکین وطن کے لیے بڑی مشکلات کھڑی ہوگئی تھیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکا کی سپریم کورٹ نے 6 کے مقابلے میں 3 ووٹوں سے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا تارکین وطن سے متعلق صدارتی حکم کالعدم قرار دے دیا۔ ٹرمپ کے اس صدارتی حکم نامے کے تحت غیر قانونی یا عارضی حیثیت رکھنے والے تارکین وطن کے امریکا میں پیدا ہونے والے بچوں کو خود کار امریکی شہریت سے محروم کیا جانا تھا۔ تاہم امریکی سپریم کورٹ نے ایک تاریخی فیصلے میں قرار دیا کہ صدر ٹرمپ کا ایسا اقدام ملکی آئین کی 14 ویں ترمیم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

مدینہ منورہ برڑو ہاؤس میں شہید بینظیر بھٹو کی سالگرہ کی پروقار تقریب

تقریب میں بطور خاص انفارمیشن KSA کے عدیل صدیقی اور علی سیال کی شرکت، پیپلز پارٹی مدینہ منورہ کے صدر احمد بلیدی، کارکنان اور عہدیداران کی بڑی تعداد موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) مدینہ منورہ میں واقع برڑو ہاس میں پاکستان پیپلز پارٹی کی بانی رہنما اور سابق وزیراعظم شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی 73 ویں سالگرہ کے سلسلے میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا۔ تقریب میں بطور خاص انفارمیشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

کراچی پولیس کی انسداد جرائم کارروائیاں، ایک ہفتے میں 738 سے زائد ملزمان گرفتار

کراچی (این این آئی) کراچی پولیس نے شہر میں جرائم کے خاتمے اور امن وامان کے قیام کے لیے جاری کارروائیوں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

انسداد اسمگلنگ آپریشن؛ 2 کروڑ سے زائد مالیت کی منشیات برآمد، خواتین سمیت 16 ملزمان گرفتار

کراچی (این این آئی) انسداد اسمگلنگ آپریشن کے دوران دو کروڑ روپے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

روٹری انٹرنیشنل ڈسٹرکٹ 3271 کی نئے سال کے آغاز پر تقریبات

یکم جولائی کو مزار قائد پر حاضری دی جائے گی، 4 جولائی کو ڈسٹرکٹ انسٹالیشن کی تقریب ہوگی، نامزد گورنر شہزاد صابر

کراچی (بزنس رپورٹر) روٹری اگر مشکل ڈسٹرکٹ 3271 اپنے روزی سال 2026-27 کا آغاز جولائی کے پہلے ہفتے میں دو اہم اور تاریخی تقریبات سے کرے گا۔ پہلی تقریب یکم جولائی کو مزار قائد پر پھولوں کی چادر چڑھانے کی ہوگی جبکہ۔ دوسری تقریب 4 جولائی کو منعقد ہونے والی ڈسٹرکٹ انسٹالیشن ہوگی جس میں ہارو ڈسٹرکٹ گورنر شہزار صابر اپنے ڈسٹرکٹ عہدیداروں کے ہمراہ باقاعدہ طور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

چودہ سال بعد سندھ باسکٹ بال ایسوسی ایشن کے انتخابات مکمل

تمام عہدے دار بلا مقابلہ منتخب کر لیے گئے، علی حسن بروہی صدر، یعقوب قادری، ایڈووکیٹ دلیپ سنگھ سیکرٹری منتخب کر لیے گئے

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) سندھ باسکٹ بال ایسوسی ایشن کے انتخابات پاکستان باسکٹ بال فیڈریشن کی نگرانی میں ہوئے۔ اجلاس کی صدارت سیکرٹری پاکستان باسکٹ بال فیڈریشن خالد بشیر نے کی جبکہ سندھ اولمپک ایسوسی کے خازن اصغر بلوچ مبصر کی حیثیت سے موجود ر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

جیکب آباد میں اہم سرکاری عہدے خالی یا خفیہ طور پر چل رہے ہیں؟ اختیارات کس کے ہاتھ میں؟ قانونی تقرری نہیں، پھر سرکاری اختیارات کون استعمال کر رہا ہے؟ بڑا سوال اٹھ گیا!

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں اہم سرکاری عہدے خالی یا خفیہ طور پر چل رہے ہیں؟ اختیارات کس کے ہاتھ میں؟ قانونی تقرری نہیں، پھر سرکاری اختیارات کون استعمال کر رہا ہے؟ بڑا سوال اٹھ گیا تفصیلات کے مطابق قانون کی دھجیاں اڑانے اور ضوابط کا مذاق بنانے میں یوں تو سندھ کی انتظامیہ ہمیشہ ہی آگے رہی ہے، لیکن ضلع جیکب آباد میں اس وقت جو انتظامی بحران چل رہا ہے، اس کی مثال پوری تاریخ میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

سوشل اینڈ کمرشل رائونڈاپ

ترتیب: علیم نواب خان

تصاویر: نسیم خان

ٹڈاپ کا لاہور چیمبر میں مارکیٹ کے تجزیہ کے اوزاروں کے ورکشاپ کا کامیاب انعقاد

لاہور چیمبر کی ایگزیکٹو ممبر فردوس نثار نے خواتین کاروباریوں کو باخبر کاروباری فیصلے کرنے، بین الاقوامی مواقع کی نشاندہی کرنے کی اہمیت کو اجاگر کیا

ورکشاپ میں مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے 60 شرکاء نے شرکت کی، جنہوں نے پوری تربیت کے دوران مباحثوں اور عملی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا

لاہور (بزنس رپورٹر) ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان، ویمن انٹرپرینیور ڈویژن نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایل سی سی آئی) کے تعاون سے لاہور چیمبر میں ''مارکیٹ اینالیسس ٹولز: ٹریڈ میپ'' کے موضوع پر ایک انٹرایکٹو ٹریننگ ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ تقریب کا آغاز ایل سی سی آئی کی ایگزیکٹو کمیٹی ممبر محترمہ فردوس نثار کے تعارفی کلمات سے ہوا، جنہوں نے خواتین کاروباریوں کو باخبر کاروباری فیصلے کرنے، بین الاقوامی مواقع کی نشاندہی کرنے اور ان کی برآمدی صلاحیتوں کو مضبوط کرنے میں مارکیٹ تجزیہ کی تربیت کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ سسٹم (HS) کوڈز اور یہ ظاہر کیا کہ کس طرح کاروبار باخبر برآمدی فیصلہ سازی کے لیے تجارتی ڈیٹا کو نکال سکتے ہیں اور اس کی تشریح کر سکتے ہیں۔ شرکاء کو بین الاقوامی تجارتی مرکز کے تجارتی نقشے کے پلیٹ فارم سے متعارف کرایا گیا اور بین الاقوامی طلب کا اندازہ لگانے، ممکنہ منڈیوں کی تلاش، تجارتی نمونوں کی نگرانی، اور مسابقتی زمین کی تزئین کا مطالعہ کرنے کے لیے اس کے اطلاق کو متعارف کرایا گیا۔ لائیو مظاہروں اور گائیڈڈ مشقوں کے ذریعے، شرکاء نے پلیٹ فارم کی خصوصیات کو اپنی مصنوعات اور شعبوں سے متعلقہ کاروباری منظرناموں پر لاگو کیا۔ سیشن کے دوران انفرادی سوالات کو حل کیا گیا، جس سے شرکاء کو بہتر طور پر یہ سمجھنے میں مدد ملی کہ کس طرح مارکیٹ انٹیلی جنس ٹولز ان کی برآمدی حکمت عملیوں کی حمایت کر سکتے ہیں۔ ورکشاپ کے بعد تجارتی نقشہ کے مسلسل استعمال کی حوصلہ افزائی کے لیے معاون کتابچے اور ڈیجیٹل سیکھنے کے مواد کو شرکاء کے ساتھ شیئر کیا گیا۔ ورکشاپ میں مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے 60 شرکاء نے شرکت کی، جنہوں نے پوری تربیت کے دوران مباحثوں اور عملی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

☆☆☆

بڑھتے تجارتی خسارے پر فوری توجہ ناگزیر ہے، فہیم الرحمٰن سہگل صدر لاہور چیمبر

وفاقی اور صوبائی اداروں میں موثر رابطوں کا فقدان بھی برآمدی شعبے کے لیے بڑا چیلنج ہے، رافعہ سید

ڈی جی ٹڈاپ کی لاہور چیمبر آمد، خرم لودھی، محمد علی میاں، سید حسن رضا، فردوس نثار، آصف ملک، عامر علی کی خاص شرکت

لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر فہیم الرحمٰن سہگل نے کہا ہے کہ پاکستان کی برآمدات میں حالیہ کمی اور تجارتی خسارے میں نمایاں اضافے کے پیش نظر ضروری ہے کہ تمام متعلقہ ادارے مشترکہ حکمت عملی اختیار کریں تاکہ ملکی ایکسپورٹرس کو پائیدار بنیادوں پر بڑھایا جا سکے، لاہور چیمبر اور ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے درمیان ہمیشہ ایک موثر عملی اور نتیجہ خیز اشتراک رہا ہے جسے مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کی ڈائریکٹر جنرل رافعہ سید کی آمد کے موقع پر منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں لاہور چیمبر کے نائب صدر خرم لودھی، سابق صدر محمد علی میاں، ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین سید حسن رضا، فردوس نثار، آصف ملک، عامر علی اور کاروباری برادری کے دیگر نمائندوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان رافعہ سید نے کہا کہ مارکیٹ ڈائیورسفکیشن اور نئی برآمدی منڈیوں کی تلاش بے حد اہم ہے، تاہم یہ سمجھنا ضروری ہے کہ ٹی ڈی اے پی کا بنیادی مینڈیٹ وزارت تجارت کے ٹریڈ ڈویلپمنٹ آرم اور ٹریڈ پروموشن ادارے کے طور پر کام کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وقت کے ساتھ ادارے کی زیادہ توجہ ٹریڈ پروموشن پر رہی ہے جبکہ سپلائی چین سے متعلق کئی بنیادی معاملات اس کے دائرہ اختیار سے باہر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امال کی درآمد پر ٹیکس اسٹرکچر مختلف ریگولیٹری امور اور متعدد پالیسی فیصلے دیگر وفاقی اداروں خصوصاً ایف بی آر کے اختیار میں آتے ہیں۔ ٹی ڈی اے پی کاروباری برادری کی تجاویز متعلقہ اداروں تک ضرور پہنچاتا ہے، تاہم ان پر حتمی فیصلے متعلقہ حکام کرتے ہیں۔ ڈی جی ٹی ڈی اے پی نے مزید کہا کہ مختلف وفاقی اور صوبائی اداروں کے درمیان موثر رابطوں کا فقدان بھی برآمدی شعبے کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے۔

ایف پی سی سی آئی اور سمیڈا نے مشترکہ طور پر اسٹیک ہولڈرز انگیجمنٹ سیشن ڈے منایا

ایم ایس ایم ایز کو مضبوط بنانے کے لیے سرکاری اور نجی شعبوں کے درمیان قریبی تعاون ناگزیر ہے، ثاقب فیاض مگوں سینئر نائب صدر

سمیڈا کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے رکن مشہود علی خان کی مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت، سمیڈا کی کوششوں کو قابل تحسین قرار دیا

کراچی (بزنس رپورٹر) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر عاطف اکرام شیخ نے کہا ہے کہ اسمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (SMEDA) اور فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) نے مشترکہ طور پر فیڈریشن ہاؤس، کراچی میں عالمی ایم ایس ایم ای (MSME) ڈے 2026 کی مناسبت سے ایک اعلیٰ سطحی اسٹیک ہولڈرز انگیجمنٹ سیشن کا انعقاد کیا۔ صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ اس تقریب میں مائیکرو، اسمال اور میڈیم انٹرپرائزز (MSMEs)، کاروباری شخصیات، مختلف چیمبرز اور تجارتی تنظیموں کے نمائندے، خواتین کاروباری رہنما، نوجوان کاروباری افراد، مالیاتی ادارے، تعلیمی شعبے کے نمائندگان اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ تقریب کا مقصد ملکی معاشی ترقی، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور جدت کو فروغ دینے میں ایم ایس ایم ایز کے اہم کردار کو اجاگر کرنا تھا۔ سینئر نائب صدر ایف پی سی سی آئی ثاقب فیاض مگوں نے کہا کہ مائیکرو، اسمال اور میڈیم انٹرپرائزز (MSMEs) پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں اور روزگار کی فراہمی، جدت اور معاشی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ سینئر نائب صدر ایف پی سی سی آئی ثاقب فیاض مگوں نے مزید کہا کہ ایم ایس ایم ایز کو مضبوط بنانے کے لیے سرکاری اور نجی شعبوں کے درمیان قریبی تعاون ناگزیر ہے۔ انہوں نے کاروباری افراد کی معاونت اور کاروباری برادری کے ساتھ مؤثر مکالمے کے فروغ کے لیے سمیڈا کی کاوشوں کو سراہا۔ سمیڈا (SMEDA) کے ریجنل چیف زیشان احمد نے عالمی ایس ایم ای ڈے کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے شرکاء کو سمیڈا کے مینڈیٹ، خدمات اور ایم ایس ایم ایز کی ترقی کے لیے جاری مختلف اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

اساتذہ کو اکیسویں صدی کی مہارتوں سے آراستہ کرنا پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے: سردار طاہر محمود

رٹے پر مبنی تعلیم کے بجائے تخلیقی اور عملی تعلیم کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے: روانڈا میں پاکستانی ہائی کمشنر نعیم خان کا مکالمہ

ایجوٹرانسفارم کی چیف ایگزیکٹو آفیسر اور قائمہ کمیٹی تعلیم کی وائس چیئرپرسن ڈاکٹر انیلہ ملک نے جدید تدریسی حکمت عملیوں پر رہنمائی

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر سردار طاہر محمود نے کہا ہے کہ جدید تدریسی مہارتوں سے اساتذہ کو بااختیار بنانا دراصل پاکستان کے مستقبل میں سرمایہ کاری ہے کیونکہ اساتذہ ہی آنے والی نسلوں کے معمار ہیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار آئی سی سی آئی، ایس او ایس فاؤنڈیشن اور ایجوٹرانسفارم کے اشتراک سے منعقدہ "اکیسویں صدی کی تدریسی مہارتیں" کے موضوع پر اساتذہ کی تربیتی ورکشاپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ صدر آئی سی سی آئی نے کہا کہ مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل تبدیلی اور عالمی روابط کے اس دور میں ایسا جدید تعلیمی نظام ناگزیر ہو چکا ہے جو عالمی رجحانات سے ہم آہنگ ہو۔ انہوں نے کہا کہ معاشی ترقی اور تعلیمی بہتری ایک دوسرے سے جڑی ہوئی ہیں، اسی لیے آئی سی سی آئی نے اپنی سرگرمیوں کا دائرہ کاروباری و تجارتی امور سے آگے بڑھاتے ہوئے تعلیم، نوجوانوں کی ترقی، اختراع، کاروباری صلاحیتوں، ٹیکنالوجی اور صنعت و تعلیمی اداروں کے مابین تعاون کے فروغ تک وسیع کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین، افریقہ اور مشرق وسطیٰ کے ساتھ چیمبر کی بڑھتی ہوئی شراکت داری، مہارتوں کے فروغ اور ڈیجیٹل معیشت پر خصوصی توجہ علم پر مبنی خوشحال پاکستان کی تعمیر کے عزم کا مظہر ہے۔ روانڈا میں پاکستان کے ہائی کمشنر نعیم خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ معیاری تعلیم کی بنیاد تخلیقی سوچ، جدت پسندی اور مؤثر ابلاغ پر استوار ہونی چاہیے۔ انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ طلبہ میں تخلیقی اندازِ فکر، اصل تحقیق اور عملی سیکھنے کے رجحان کو فروغ دیں اور انہیں رٹے پر مبنی نظامِ تعلیم سے نکال کر جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کریں۔ انہوں نے اپنے بین الاقوامی تدریسی تجربات کا حوالہ دیتے ہوئے براہِ راست تدریسی طریقوں کی افادیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)